Question Paper Serial No. 300

# B

**CCE RR**
**UNREVISED**
**REDUCED SYLLABUS**

6 ★ RR(B)/300/4512

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]

Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]

Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater )**

ದಿನಾಂಕ : 12. 04. 2023] [ Date : 12. 04. 2023

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

Tear here

Turn over ]

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. ایسی نظم جس میں حضورا کرم ﷺ کی تعریف وتوصیف بیان کی گئی ہو، کہلاتی ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) مرثیہ

2. وہ کلمہ جوخود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔

(A) حروفِ ربط (B) حروفِ عطف

(C) مستقل کلمہ (D) غیر مستقل کلمہ

3. ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اس جملے میں علامت فاعل یہ ہے۔

(A) اربیہ (B) نے

(C) کھانا (D) کھایا

4. وہ جملہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مرکب (B) جملۂ مفرد

(C) جملۂ مطلق (D) جملۂ مُلتف

5. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔ کہلاتے ہیں۔

(A) وصل (B) تردید

(C) حروفِ عطف (D) حروفِ ربط

6. اِن میں مؤنث لفظ یہ ہے۔

(A) وطن (B) ترقی

(C) رواج (D) خزانہ

7. وہ حروف ہیں، جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اِظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

(A) استدراک (B) سببی

(C) حروف تخصیص (D) حروف فجائیہ

8. رباعی کا یہ مصرع قافیہ ورد یف کا پابند نہیں ہوتا۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

9. جسم : اجسام :: فرد : .........

10. بے کار : کار :: خوش مزاج : .........

11. صحرا : ریگستان :: سہرا : .........

12. دل میں سمانا : جی میں بس جانا :: محروم لوٹنا : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

14. حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کس کی صاحب زادی تھیں ؟

15. پیغامِ یکجہتی کس شاعر کی نظم ہے ؟

16. اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے ؟

18. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟

19. سر ایم وشویشوریا کی والدہ کا نام کیا تھا اور کس ضلع میں پیدا ہوئے ؟

20. ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کون کون سے کارخانے قائم کئے ؟

21. مولانا محمد علی جوہرؔ نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟

22. گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہرؔ نے کیا تقریر فرمائی ؟

23. کس لئے مصنف نے ہانگ کانگ کو سمٹا ہوا دلِ عاشق کہا ؟

24. حضورِ اکرم ﷺ جب حرمِ پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **9 x 3 = 27**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

26. ''کیا اس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں ؟''

27. ''مگر اِن کی اسکوٹر چلتی نہیں بلکہ رینگتی ہے۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) ایم قادر علی خاں (ii) مجتبیٰ حسین

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) مرزا غالبؔ (ii) سید احمد شاکرؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں

تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

31. موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

32. زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں

ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Our principal is a very kind person. My school is very beautiful. I love my school.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فیاضی و سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

یا

سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔

درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

36. کسی نے ام المومنین حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کیسے تھے ؟ انہوں نے کہا کیا تم نے قرآان نہیں پڑھا ہے ۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق تھے ۔ غرض آپ ﷺ کی ساری زندگی قرآن پاک کی عملی تفسیر تھی ۔ خود قرآن پاک نے اس کی شہادت دی اور کہا، اِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیمٍ ( یعنی بیشک اے محمد ﷺ آپؐ حسن اخلاق کے بڑے رتبہ پر ہیں ) ۔

حضور اکرم ﷺ جب گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے ، اپنے پھٹے کپڑے آپ ﷺ سی لیتے ، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے ۔

مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپ ﷺ نے بھی کام کیا ۔ آپ ﷺ ساری دنیا کے لئے رحمت بن کر آئے تھے ۔ اس لئے کسی کے ساتھ بھی زیادتی اور ناانصافی کو پسند نہ فرماتے تھے ۔

**سوالات :**

(i) حضورا کرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا فرمایا ؟

(ii) قرآن مجید نے حضورا کرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا شہادت دی ہے ؟

(iii) حضورا کرم ﷺ نے مسجد نبوی بنانے اور خندق کھودنے کے دوران کیا کیا ؟

(iv) حضورا کرم ﷺ جب گھر میں رہتے تو کیا کرتے تھے ؟

**درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :**

37. (i) ماحول کی آلودگی

**یا**

(ii) میرا پسندیدہ لیڈر

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں سند تبادلہ (T. C.) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔

**یا**

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے کا ذکر ہو۔